روح اخبار

—— حجاز اور مصر کے درمیان ایک معاہدہ ہوا ہے جس میں سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہ نے مصری حجاج کو ہر طرح کی سہولت بہم پہنچانے اور ان کو دینی معاملات میں ہر طرح کی آزادی دینے کا وعدہ کیا ہے نیز اس معاہدہ کی رو سے دونوں حکومتوں کے سفرا بین الاقوامی قانون کے مطابق ایک دوسرے کے ملک میں فرائض نمایندگی انجام دینگے۔

—— تاجدار افغانستان نے حال ہی میں ہوائی جہازوں کی خریداری۔ تعلیمی توسیع اور شفاخانوں کی ترقی کیلئے چار لاکھ روپیہ اپنی جیب خاص سے مرحمت فرمایا ہے۔

—— مصر کے نئے بادشاہ فاروق اول نے پچھلے دنوں ریڈیو کے ذریعے اپنی رعایا کے سامنے پہلی تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ میں پختہ اور ناقابل شکست عہد کرتا ہوں کہ اپنی رعایا کی فلاح وصلاح اور نفع رسانی کیلئے اپنی ساری زندگی وقف کر دونگا اور ان کی سیادت کیلئے اُن سے تعاون اور موالات حاصل کرونگا پھر آپ نے فرمایا کہ میرے والد مرحوم کے مصارف کیلئے ڈیڑھ لاکھ پونڈ کی رقم مخصوص تھی اور میرے لئے بھی یہی رقم تجویز کی گئی ہے لیکن میں پچاس ہزار پونڈ کو ملکی اصلاحات کیلئے چھوڑ کر صرف ایک لاکھ پونڈ منظور کرتا ہوں۔

—— گاندھی جی کے بڑے لڑکے مسٹر ہیرالال گاندھی نے ۲۹ مئی کو اسلام قبول کر لیا موصوف کا اسلامی نام عبد اللہ ہے۔ آپ نے بعد نماز جمعہ ۳۰ ہزار مسلمانوں کے مجمع میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ اسلام کی عالمگیر اخوت اور دوسری ممتاز خصوصیتوں نے مجھے مسلمان ہونے پر مجبور کیا۔ میں اسلام پر ہوں۔ اسلام پر رہوں گا اور اسلام ہی پر مروں گا آپ آئندہ سال حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتے ہیں۔

—— جون ۳۶ء کے اوائل میں کمال پاشا ایک عجائب خانہ کا افتتاح فرمائیں گے۔ جس میں ترک کے انقلاب اور نتائج پر لکھی ہوئی انگریزی فرانسیسی جرمنی اطالوی اور روسی کتابیں رکھی جائینگی جن کی مجموعی تعداد ایکہزار تین سو ہوگی۔

—— فلسطین میں یہودی مسلمانوں کی حق تلفی کرتے ہوئے جبراً آباد ہونے کی کوشش کر رہے ہیں جس کی وجہ سے وہاں کے مسلمانوں نے مکمل ہڑتال کر دیا ہے اور حکومت برطانیہ سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ آئندہ سے یہودیوں کو یہاں آباد ہونے کی اجازت نہ دی جائے۔ حکومت نے اس ہڑتال کو ختم کرنے کیلئے متعدد تدابیر اختیار کیں لیکن صورت حالات میں کچھ تبدیلی واقع نہ ہوسکی یہ ہڑتال اس وقت تک جاری رکھی جائیگی جب تک حکومت ان کا مطالبہ منظور نہ کر لے۔

—— شہنشاہ حبش جمعیۃ اقوام سے چارہ جوئی کرنیکے لئے گزشتہ دنوں لندن پہنچے جہاں آپ کا شاندار استقبال کیا گیا۔

—— ہندوستان کے مشہور لیڈر گاندھی جی اس وقت اردو کی مخالفت پر بہت زور دے رہے ہیں آپ اردو کی جگہ ہندوستان میں دیوناگری جاری کرنا چاہتے ہیں۔

—— بقول اخبار "البلاغ" اعلیحضرت سلطان ابن سعود عنقریب عراق تشریف لیجائیں گے بغداد میں شاہ موصوف کے شاہانہ استقبال کے لئے تزک و احتشام کے ساتھ تیاریاں کی جارہی ہیں۔

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔